
گیلپ & گیلانی پاکستان رائے عامہ سروے 12 نومبر 2025

# زائد شادیوں میں منصفانہ سلوک کے حوالے سے شکوک و شبہات کا رجحان : پاکستان میں شادی شدہ افراد کی 72% شرح کا یہ ماننا ہے کہ دوسری شادی کے بعد دونوں بیویوں کے درمیان منصفانہ سلوک ممکن نہیں یا بہت ہی مشکل ہے

صرف 26% شادی شدہ افراد اس حوالے سے پراُمید نظرآئے؛ منصفانہ سلوک کے حوالے سے شکوک و شبہات خواتین میں نمایاں طور پر زیادہ پائے گئےجن کی شرح 84% رہی۔






برائے مہربانی آجکل کے حالات کو مدِنظر رکھتے ہوئے بتائیں کہ آپ کیا سمجھتے ہیں کہ مرد دوسری شادی کے بعد دونوں بیویوں کے ساتھ انصاف کر سکتا ہے ؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

# پریس ریلیز

## رائے عامہ سروے

## شادی

پاکستان میں شادی اور گھریلو سلوک واتفاق کے حوالے سے جاری ہونے والی "چھٹی" پریس ریلیز

"ایک سے زائد شادیوں میں بیویوں کے درمیان منصفانہ سلوک"

**زائد شادیوں میں منصفانہ سلوک کے حوالے سے شکوک و شبہات کا رجحان : پاکستان میں شادی شدہ افراد کی 72% شرح کا یہ ماننا ہے کہ دوسری شادی کے بعد دونوں بیویوں کے درمیان منصفانہ سلوک ممکن نہیں یا بہت ہی مشکل ہے —صرف 26% شادی شدہ افراد اس حوالے سے پراُمید نظر آئے؛ منصفانہ سلوک کے حوالے سے شکوک و شبہات خواتین میں نمایاں طور پر زیادہ پائے گئے جن کی شرح 84% رہی۔**

**(گیلپ & گیلانی سروے)**

(اسلام آباد)، 12 نومبر 2025


گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستان میں شادی شدہ افراد کی 72% شرح کا یہ ماننا ہے کہ دوسری شادی کے بعد دونوں بیویوں کے درمیان منصفانہ سلوک ممکن نہیں یا بہت ہی مشکل ہے — صرف 26% شادی شدہ افراد اس حوالے سے پراُمید نظر آئے؛ منصفانہ سلوک کے حوالے سے شکوک و شبہات خواتین میں نمایاں طور پر زیادہ پائے گئے جن کی شرح 84% رہی۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے شادی اور گھریلو سلوک واتفاق کے موضوع پر جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز کا حصہ ہے۔اس سیریز کی پچھلی پریس ریلیز "ماں کی صحت - طبّی معائنے کے لیے ڈاکٹر کے پاس جانے میں دی جانے والی محدود یا عدم معاونت" تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب شادی شدہ خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" برائے مہربانی آجکل کے حالات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے بتائیں کہ آپ کیا سمجھتے ہیں کہ مرد دوسری شادی کے بعد دونوں بیویوں کے ساتھ انصاف کر سکتا ہے؟"**۔اس سوال کے جواب میں، 26% جوابدہندگان کے مطابق "ہاں" مرد دوسری شادی کے بعد دونوں بیویوں کے ساتھ انصاف کر سکتا ہے، جبکہ 40% جوابدہندگان کے مطابق "نہیں" ایسا ممکن نہیں ہے۔اس کے علاوہ، 32% کا ماننا ہے کہ شاید مرد دوسری شادی کے بعد دونوں بیویوں کے ساتھ انصاف کر سکتا ہے مگر یہ بہت مشکل ہے اور 2% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا ظہار نہیں کیا۔

سروے کے نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستان میں دوسری شادی کے بعد بیویوں کے ساتھ منصفانہ سلوک کے امکان پر شکوک و شبہات عام ہیں، خاص طور پر خواتین میں یہ خیال زیادہ پایا جاتا ہے۔ یہ رجحان معاشرے میں ایک سے زائد شادیوں میں انصاف اور برابری کے حوالے سے گہری تشویش کی عکاسی کرتا ہے۔


**"برائے مہربانی آجکل کے حالات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے بتائیں کہ آپ کیا سمجھتے ہیں کہ مرد دوسری شادی کے بعد دونوں بیویوں کے ساتھ انصاف کر سکتا ہے؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 579 شادی شدہ خواتین اور مرد حضرات، سے 12 ستمبر تا 23 ستمبر 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**جنس کے اعتبار سے نتائج:** مرد حضرات میں، 39% شرح کا ماننا ہے کہ دوسری شادی کے بعد بیویوں کے ساتھ منصفانہ سلوک ممکن ہے، جبکہ خواتین میں یہ شرح صرف 14% پائی گئی۔ اس کے برعکس، 46% خواتین کی زیادہ شرح کا یہ کہنا ہے کہ منصفانہ سلوک ممکن نہیں ہے، جبکہ مرد حضرات میں یہ شرح 34% پائی گئی۔ مرد حضرات کی نسبت خواتین کی زیادہ شرح کا یہ بھی ماننا ہے کہ شاید انصاف ممکن ہے کہ ایسا کرنا بہت مشکل ہے۔ (یہ شرح خواتین میں 38% رہی، جبکہ مرد حضرات میں 25% پائی گئی)۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

# شادی اور گھریلو سلوک و اتفاق پر 2025 میں جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز

2025 میں پاکستان میں شادی اور گھریلو سلوک و اتفاق کے حوالے سے گیلپ پاکستان کی جانب سے جاری کی جانے والی پریس ریلیز کی سیریز تک رسائی حاصل کرنے کیلئے آپ مندرجہ ذیل لنک پر کلک کر سکتے ہیں۔

پریس ریلیز 1 : گزشتہ ہفتے کے دوران شوہر / بیوی کے درمیان لڑائی جھگڑا – https://gallup.com.pk/post/39168

پریس ریلیز 2 : ازدواجی تعلقات / تنازعات کا حل – https://gallup.com.pk/post/39171

پریس ریلیز 3 : پاکستان میں ازدواجی تنازعات کی ذمہ داری – https://gallup.com.pk/post/39175

پریس ریلیز 4 : ماں کی صحت - طبّی معائنے کے لیے ڈاکٹر کے پاس جانے میں دی جانے والی مسلسل معاونت – https://gallup.com.pk/post/39178

پریس ریلیز 5 : ماں کی صحت - طبّی معائنے کے لیے ڈاکٹر کے پاس جانے میں دی جانے والی محدود یا عدم معاونت – https://gallup.com.pk/post/39181

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday, 12th November 2025**

*(4 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll 2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)